# عدالت میں بے خوف



ایک صبح، میں ایک اہم میٹنگ میں شرکت کے لیے اپنے ہوٹل کے کمرے سے نکلا۔ مجھے دیر ہو چکی تھی اس لیے میں نے تیز رفتاری سے گاڑی چلائی جو حد رفتار سے زیادہ تیز تھی۔ میری منزل کے آدھے راستے پر ایک پولیس افسر نے مجھے پکڑ لیا اور کہا کہ مجھے پولیس اسٹیشن چلنا ہوگا! مجھے بہت گھبراہٹ اور لاچاری محسوس ہوئی کیونکہ میں جانتا تھا کہ میں قصوروار ہوں۔

پولیس افسر کے میرے خلاف کیس کی فائل کھولنے کے بعد، مجھے طلبی کے لیے قریبی عدالت میں لے جایا گیا۔ وہاں، میری ملاقات ایک دوست سے ہوئی جو بحیثیت وکیل کام کرتا تھا۔ وہ مجھے دیکھ کر حیران رہ گیا۔ جب میں نے اپنا حال بیان کیا تو اس نے کہا، ”فکر نہ کرو۔ میں آپ کا کیس سنبھال لوں گا۔“ میں بہت خوش تھا۔ میرا اپنا دوست میرا وکیل ہوگا!

چونکہ میرے دوست نے میری طرف سے وکالت کی، جج نے کم سے کم جرمانہ کیا۔ میں عدالت سے خدا کی حمد کرتے ہوئے نکلا۔

زمینی جج کے سامنے کھڑا ہونا واقعی خوفناک ہے۔ لیکن یہ اس کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے کہ محشر کے عظیم دن پر خدا کے سامنے کھڑا ہونا کیسا ہوگا؟ اگر وہ دن کل آ جائے توکیا آپ تیار ہوں گے؟

## عدالت کے لئے تیاری

کچھ لوگ آنے والی عدالت کے بارے میں معمولی

رویہ کے ساتھ جواب دیتے ہیں۔ وہ شراب پیتے ہیں، تمباکو نوشی کرتے ہیں، جوا کھیلتے ہیں، نائٹ کلبوں میں جاتے ہیں، اور فحش فلمیں دیکھتے ہیں۔ وہ جانتے ہوں گے کہ یہ باتیں یادگار کی کتاب میں لکھی جا رہی ہیں، لیکن وہ ابلیس (شیطان بھی کہلاتا ہے) کے فریب میں پھنسے ہوئے ہیں۔ وہ خیال نہیں کرتے۔

کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو ضرورت سے زیادہ خوف کے ساتھ جواب دیتے ہیں۔ وہ ایک بھی نماز چھوڑنے کی ہمت نہیں کرتے۔ وہ قبر کے عذاب یا جہنم کی آگ کے بارے میں اتنا سوچتے ہیں کہ وہ خدا کی محبت اور مہربانی کو بھول جاتے ہیں۔

لیکن جس طرح عدالت میں میرا ایک وکیل تھا، خدا نے بھی ایک وکیل فراہم کیا ہے جو عدالت سے گزرنے میں ہماری مدد کرے گا۔ آپ کو اکیلے رہنے کی ضرورت نہیں ہے!

### ہمارا وکیل کون ہے؟

وکیل کا خیال نیا نہیں ہے۔ ہر سال ہزاروں زائرین شمالی افریقہ، مشرق وسطیٰ اور ایشیا میں مزاروں پر جاتے ہیں۔ بہت سے لوگ عظیم رہنماؤں کی قبروں پر جا کر یہ یقین رکھتے ہوئے دعا کرتے ہیں کہ وہ ان کی طرف سے شفاعت کریں گے۔

ان عظیم رہنماؤں کا احترام کرنا اچھی بات ہے، لیکن ان سے دعا کرنا یا ان سے شفاعت طلب کرنا سراسر حرام ہے۔ وہ مر چکے ہیں اور آپ کے لیے کچھ نہیں کر

**آپ کو ایک بھی نبی ایسا نہیں ملے گا جس نے کبھی کوئی خطا نہ کی ہو اور کبھی معافی نہ مانگنی پڑی ہو۔ لیکن یسوع مسیح نے کبھی کوئی گناہ نہیں کیا۔**

سکتے۔ حتیٰ کہ انبیاء بھی اپنی قبروں میں قیامت کے انتظار میں ہیں۔

اگرچہ مُردوں سے اپنی شفاعت کا مطالبہ کرنا حرام ہے، لیکن شفاعت کا خیال بذات خود درُست ہے۔ لیکن خدا کو کس کی شفاعت قبوَل ہوتی ہے؟ ایسا کوئی ضرورہونا چاہئے جو:

١۔ زندہ ہے (کیونکہ مردہ ہماری طرف سے نہیں بول سکتا)۔

٢۔ بے گناہ ہے (کیونکہ شریعت کی طرف سےسزا یافتہ دوسروں کی وکالت نہیں کر سکتا)۔

ان خصوصیات کو کون پورا کر سکتا ہے؟ یقیناً پیارے یسوع مسیح جسے عیسیٰ المسیح بھی کہا جاتا ہے, کے علاوہ کوئی نہیں ہے جو آسمان پر زندہ اور بالکل پاک ہے۔

اس کے متعلق سوچیں—کیا کوئی اور ہے جو بے گناہی کا دعویٰ کر سکتا ہے؟ آدم نے ممنوعہ پھل کھایا۔ نوح مے کے نشے میں دھت ہو گئے۔ ابراہیم نے

جھوٹ بولا۔ موسیٰ نے ایک آدمی کو قتل کیا۔ داؤد نے دوسرے آدمی کی بیوی چرائی۔ آپ کو ایک بھی نبی ایسا نہیں ملے گا جس نے کبھی کوئی خطا نہ کی ہو اور کبھی معافی نہ مانگنی پڑی ہو۔

لیکن یسوع مسیح نے کبھی کوئی گناہ نہیں کیا۔ اُس نے خود دعویٰ کیا،"جس نے مُجھے بھیجا وہ میرے ساتھ ہے۔ .... کیونکہ مَیں ہمیشہ وُہی کام کرتا ہُوں جو اُسے پسند آتے ہیں" (یوحنا کی انجیل 8:29)۔

## اطمینان کے ساتھ عدالت کا سامنا کرنا

عیسیٰ المسیح آسمان پر زندہ ہیں اور مکمل طور پر بے گناہ ہیں۔ وہ میری اور آپ کی شفاعت کے لیے تیار ہے۔ اور وہ بہت جلد واپس آرہا ہے۔

اگر وہ دوسری بار واپس آ رہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ عیسیٰ المسیح آخری نبی ہے۔ جی ہاں، اور ایک نبی سے بڑھ کر—وہ ہمارا شفاعتی، آقا، اور یوم حساب میں اطمینان ہے۔ اُس نے ہمیں بتایا، "اگر کوئی شخص میرے کلام پر عمل کرے گا تو ابد تک کبھی مَوت کو نہ دیکھے گا" (یوحنا کی انجیل 8:51)۔

یسوع مردہ نہیں ہے؛ وہ زندہ ہے! اوروہ اب بھی زمین پر اپنا معاشرہ تشکیل دے رہا ہے۔ بعض اوقات وہ خواب میں سفید پوش آدمی کے طور پر ظاہر ہو کر یا جب ہم خدا سے اس کے نام پر دعا کرتے ہیں تو ہمیں معجزات دے کر اپنی برادری میں دعوت دیتے ہیں۔

کیا آپ یوم حساب کے دن اطمینان میں ہونا چاہتے ہو؟ یسوع مسیح پراپنےایمان کا اقرار کریں۔ ہم ان لوگوں پراپنا اعتماد کیوں رکھیں جو مر چکے ہیں اور نہ جانے حساب کے دن ان کا چلنا کیسا ہوگا؟ یسوع کو آسمان پراپنی جگہ کا یقین ہے۔ عدالت میں میرے وکیل دوست کی طرح وہ ہماری مدد کرے گا۔

آپ سوچ رہے ہوں گے کہ کیا اتنی حیرت انگیز چیز سچ ہو سکتی ہے۔ یسُوع مسیح نے کہا، "اگر میرے نام سے مُجھ سے کُچھ چاہو گے تو مَیں وُہی کرُوں گا" (یوحنا کی انجیل 14:14)۔ معلوم کرنے کے لیےآزما کر دیکھو کہ میں جو کچھ آپ کو بتا رہا ہوں وہ سچ ہے۔ اگر یسوع اس وقت زندگی کے ہنگامی حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے کافی طاقتور ہے، تو یقیناً اس پر اپنے شفاعتی ہونے کے لئے بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ یسوع کے نام پر سچے دل سے خدا سے دعا کریں اور دیکھیں کہ کیا ہوتا ہے۔ آپ یوں دُعا کر سکتے ہیں:

*اے میرے آقا، میں جاننا چاہتا ہوں کہ کیا واقعی یسوع المسیح وہی ہے جسے آپ نےعدالت میں ہمارا شفاعتی مقرر کیا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو برائے مہربانی میری دعا کا جواب دیں (اپنی ضرورت یہاں درج کریں)۔ میں یہ دُعا یسُوع مسیح کے نام سے مانگتا ہوں۔ آمین۔*

اگر آپ یسوع المسیح کی پیروی کرنے کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، تو اس کاغذ کی پشت پر دی گئی معلومات پر ہم سے رابطہ کریں۔

Copyright © 2023 by Sharing Hope Publications. اس کام کو غیر تجارتی مقاصد کےلیے بغیر اجازت پرنٹ اور شیئر کیا جا سکتا ہے۔

حوالہ جات مقدس بائبل کے نظرثانی شدہ ترجمہ سے لئے گئے ہیں۔ حق اشاعت پاکستان بائبل سوسائٹی © 1970، 2010 کی اجازت سے استعمال کیا گیا۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

## مزید مطالعہ کے لیے







مزید معلومات کے لیے
QR کوڈ اسکین کریں۔